BIHAR STATE SUNNI WAQF BOARD
بہار اسٹیٹ سُنی وقف بورڈ
(CONSTITUTED BY GOVT. OF BIHAR UNDER WAQF ACT 1995)
2nd Floor, Haj Bhawan, 34 Ali Imam Path, Harding Road, Patna - 800 001
Phone No. 0612-2230581, Fax+Phone No. 2213865
Website – www.bsswb.org, E-mail – bsswboard@gmail.com

پندرہ/ایس ڈبلو بی/..................../2023 مورخہ:..................

متولیوں اور کمیٹیوں کے لئے ضروری ہدایات

بحوالہ بورڈ میٹنگ ریزولیشن نمبر 23 مورخہ 22-6-2023

۱. متولی یا کمیٹی وقف جائیداد کا بورڈ میں رجسٹریشن/اندراج ضرور کرائیں۔ یہ رجسٹریشن مفت ہے۔ اگر ایسا نہیں کیا جاتا ہے تو بورڈ وقف ایکٹ 1995 کی دفعہ 36 اور 41 کے تحت وقف جائیداد کا رجسٹریشن/اندراج کر سکتا ہے اور اس حکم کی تعمیل نہیں کئے جانے پر ایکٹ کی دفعہ 50، 61، 64 کے تحت ایسے متولی/انتظامیہ کمیٹی کو ہٹائے جانے اور قانونی کارروائی کئے جانے کا اختیار ہے جس کے لئے اس کے متعلقہ متولی/کمیٹی خود جوابدہ ہونگے۔

۲. متولی کا یہ فرض ہے کہ ادارہ کے نام سے جیسے مسجد/درگاہ/قبرستان/خانقاہ/عیدگاہ وغیرہ کے نام سے سرکاری بینک میں کھاتہ کھلوائے۔ کسی بھی حالت میں متولی یا انتظامیہ کمیٹی کے کسی بھی عہدیدار کے ذاتی نام سے کھاتہ نہ کھلوایا جائے، یہ قانوناً جرم ہے۔ اگر انجانے میں ایسا کیا جارہا ہے تو اسے اطلاع یا حکم مان کر فوراً کھاتہ کو بند کر کے ادارہ کے نام سے کھاتہ کھلوایا جائے اور اسے آپریٹ کیا جائے۔

۳. چیک/کھاتہ کو دو (۲) یا اس سے زیادہ کمیٹی کے عہدیداروں کے مشترکہ دستخط سے آپریٹ کیا جائے۔

۴. وقف ادارہ (مسجد، درگاہ، قبرستان، خانقاہ، مدرسہ، عیدگاہ وغیرہ) کے آمد و خرچ کی تفصیل کیش بک میں یا ایک الگ رجسٹر میں درج کیا جائے اور سبھی خرچ کے واؤچر کی محافظت کو یقینی بنایا جائے۔

۵. ہر ایک مالی سال کے آمد و خرچ کا آڈٹ مقامی آڈٹ فنڈ یا منظور شدہ چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ کے ذریعہ کرایا جائے۔

۶. اگر کسی بھی وقف جائیداد پر قبضہ یا خرید و فروخت وغیرہ زیر نظر آتا ہے یا جانکاری میں آتا ہے تو بورڈ کو تحریری طور پر فوراً مطلع کیا جائے۔

۷. کرایہ دار سے کرایہ داری کا معاہدہ لازمی ہوگا۔ یہ تحریری معاہدہ کسی بھی حالت میں گیارہ (۱۱) ماہ سے زیادہ نہیں ہوگا۔ اس کی ایک کاپی پیشگی میں بورڈ کو دستیاب کراتے ہوئے مطلوبہ اجازت حاصل کی جائے گی۔

۸. قبرستان کے لئے نشان زد زمین میں بغیر بورڈ کی اجازت کے، کسی بھی صورت میں تجارتی تعمیر نہ کرایا جائے، اس ہدایت نامہ کے جاری ہونے کی تاریخ کے بعد قبرستان کے لئے نشان زد زمین پر بغیر اجازت کے کرائے گئے تعمیراتی کام غیر قانونی ہونگے۔

۹. وقف جائیداد کے کرایہ دار کی فہرست و رجسٹر کی کاپی بورڈ دفتر کو ہر سال بھیجی جائے ساتھ ہی ایسے کرایہ دار جو کرایہ نہیں ادا کر رہے ہیں ان کی فہرست بھی دستیاب کرائی جائے۔

۱۰. اگر آپ کے ضلع میں واقف کے ذریعہ کسی جائیداد کو وقف کیا جاتا ہے تو اس کا رجسٹریشن کرا کر ایک کاپی خود رکھ کر دوسری کاپی وقف بورڈ دفتر میں اوقاف کو رجسٹر میں اندراج کرنے کے لئے بھیجا جائے۔ اگر یہ تصدیق ہوتی ہے کہ کسی متولی یا دوسرے شخص کے ذریعہ وقف نامہ یا ہبہ نامہ وغیرہ کو بورڈ سے شیئر نہیں کیا گیا ہے اور واقف کی منشا کے خلاف جائیداد کا استعمال کیا جارہا ہے تو وقف ایکٹ کی دفعہ 50، 61، 64، 70 اور 71 کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

۱۱. وقف جائیداد لیز رول 2014 کے ترمیم 2020 کی تعمیل کرتے ہوئے وقف جائیداد کو لیز پر دیا جائے۔

۱۲. کسی بھی غیر منقولہ جائیداد کو لیز (پٹّے) پر دیئے جانے کے پہلے اس سے متعلق متولی پٹّہ قانون کے تحت اس جگہ کی مناسب قیمت دریافت کرے گا اور مجوزہ لیز کی کاپی بورڈ کو اجازت کے لئے بھیجے گا۔

۱۳. وقف جائیداد لیز رول 2014 کے ترمیم 2020 کے مطابق متولی اور کمیٹی کے ممبران کا کوئی بھی عزیز/ رشتہ دار وقف جائیداد، مکان، دکان، زراعتی زمین وغیرہ کی نیلامی یا بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

۱۴. کمیٹی کے ذریعہ لیز پر دی گئی منقولہ وقف جائیداد کا کرایہ دار اس احاطہ کو کسی دوسرے کو کرایہ داری (sub-let) پر نہیں دے سکے گا اور ایسا کرنے پر اس کی کرایہ داری خود بخود منسوخ مانی جائے گی۔

۱۵. متولی یا انتظامیہ کمیٹی وقف ایکٹ 1995 کی دفعہ 44، 46، 47، 72 کے ضابطے کے تحت وقف سے متعلق بجٹ، ریٹرن، آڈٹ اور سیس سے متعلق قواعد کی پابندی کرے گا ورنہ وقف ایکٹ 1995 کی دفعہ 50، 61، 64، 70 اور 71 کے تحت متولی/ انتظامیہ کمیٹی کے خلاف کارروائی کی جائے گی، جس کے لئے ایسے متولی/ انتظامیہ کمیٹی خود ذمہ دار ہونگے۔

(محمد ارشاد اللہ)
چیرمین
بہار اسٹیٹ سُنّی وقف بورڈ، پٹنہ۔

(خورشید انور صدیقی)
چیف اکزیکیوٹیو آفیسر
بہار اسٹیٹ سُنّی وقف بورڈ، پٹنہ۔